# PUNJAB
# Education Foundation

حوالہ نمبر: PEF/EVS/2024/1242 تاریخ: 07جون، 2024

محترم درخواست گزاران شہرِ علم پراجیکٹ ای وی ایس فیز-17

**عنوان: اطلاع بابت بند کیے جانے شہرِ علم پراجیکٹ اور فیس واپسی**

بحوالہ عنوان آپکو اطلاع دی جاتی ہے کہ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے بورڈ آف ڈائیریکٹرز نے کچھ وجوہات کی وجہ سے شہرِ علم پراجیکٹ ای وی ایس فیز-17 کو بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مراسلہ ھذا کے توسط سے آپکو اطلاع دی جاتی ہے کہ آپکی جمع کروائی گئی درخواستوں پہ عمل درآمد روک دیا گیا ہے اور اس پراجیکٹ پر کوئی کاروائی نہیں کی جائے گی۔ اگر پیف مستقبل میں کوئی نیا فیز لانے کا فیصلہ کرتا ہے تو بذریعہ اخبار اشتہار اور پیف ویب سائیٹ پر اس کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

آپکو مزید مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ہدایات پر شہرِ علم کے لیے جمع کروائی گئی درخواست پر اسیسنگ فیس درخواست گزاروں کو واپس کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ جسکی تفصیلات درج ذیل ہیں:

1۔ درخواست گزاروں کو انکی جمع کروائی گئی (-/10,000 روپے) فیس بینک آف پنجاب کے ذریعہ واپس کی جائے گی۔

2۔ اس سلسلے میں بینک میں جانے سے پہلے پیف کی طرف سے آپکے دیئے گئے نمبر پر میسج بھیجا جائے گا۔ آپ نے بینک میں جا کر اپنے اصل دستاویزات دکھا کر بینک سے اپنی رقم وصول کرنا ہو گی۔

3۔ فیس واپسی کے لئے درخواست گزار اپنے اصل شناختی کارڈ کے ہمراہ ذاتی طور پر بینک آف پنجاب کی کسی بھی برانچ میں جا کر اپنی فیس حاصل کر سکتا ہے۔ اس کے لئے بینک درخواست گزار سے کچھ معلومات لے سکتا ہے جیسا کہ اصل شناختی کارڈ، تاریخ پیدائش، ولدیت وغیرہ۔ درخواست گزار کو تمام معلومات بینک کو فراہم کرنا ہوں گی۔ جس کے بعد بینک اپنی دفتری کاروائی کر کے درخواست گزار کو فیس واپس کرے گا۔ اس سلسلے میں پیف نمائندگان کی طرف سے آپکے متعلقہ نمبر پر کال بھی کی جا سکتی ہے۔

4۔ درخواست گزار بینک کی طرف سے رقم کے حوالے سے پیغام بھیجے جانے کے تیس (30) دن کے اندر اپنی فیس وصول کرنے کے پابند ہوں گے۔ جو درخواست گزار تیس (30) دن کے اندر اپنی فیس بینک سے کسی بھی وجہ سے وصول نہیں کرتے یا کسی مسئلے کی صورت میں پیف آفس میں تیس (30) دن کے اندر تحریری اطلاع نہیں دیتے تو اس صورت میں ان کی رقم ضبط کر لی جائے گی اور اس سلسلے میں تیس دن کے بعد موصول ہونے والی کسی قسم کی درخواست پر عمل درآمد نہیں کیا جائے گا۔

**اہم نوٹ:**

ا۔ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن نے درخواست گزاروں کے کوائف ان کے شناختی کارڈ اور درخواست میں دی گئی معلومات مثلاً شناختی کارڈ اور موبائل نمبر بینک آف پنجاب کو مہیا کر دیے ہیں۔ کسی بھی غلط معلومات کی بناء پر فیس واپسی میں مشکلات یا بینک کی طرف سے فیس واپسی میں انکار کی صورت میں پیف ذمہ دار نہ ہو گا۔

ب۔ بینک کی سروس فیس کی کٹوتی درخواست گزار کی واجب الادا رقم میں سے کی جائے گی۔

خیر اندیش

ڈائریکٹر (ای وی ایس)

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن